31/03/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں بصارت گل

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی دانشمندانہ قیادت میں قومی دھارے کے ساتھ جموں کشمیر کی مربوط کاری یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ ترقیاتی عمل میں نئے بنچ مارک قائم کرنا بھی ممکن ہوا ہے ۔ جموں میں 23 مارچ سے تیس مارچ تک منعقدہ شہیدی دوس تقریبات اور وندے ماترم کے خصوصی مرحلے کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ جموں کشمیر میں وندے ماترم اور ہر گھر ترنگا جیسے پروگراموں سے حب الوطنی کے جذبے کو بھی تقویت حاصل ہو رہی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ سماج کے ہر ایک طبقے کو بھارت کو دنیا کا ایک عظیم ملک بنانے کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں اپنا کلیدی رول ادا کرنا چاہئے ۔

اخروٹ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں اخروٹ کے درخت کو کاٹنا قانونی جرم ہے کیونکہ اخروٹ ہماری معیشت کا ایک اہم حصہ ہے اور ہماری ثقافت کا ایک اہم جز ہے۔ قانون ساز اسمبلی میں کل پیش کی گئی ایک بل پر بحث کے کے دوران وزیر اعلیٰ نے کہا۔

وزیراعلیٰ اسمبلی

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے جاری بجٹ اجلاس کے دوان اہم آڈٹ اور مالیاتی جنرل کی سات رپورٹس پیش کیں جن Auditor اور Comptroller دستاویزات ایوان میں پیش کیے۔ انہوں نے ملک کے میں متعدد شعبوں اور آڈٹ زمروں کا احاطہ کیا گیا۔

مہاویر جینتی

ملک بھر میں آج مہاویر جینتی کا تہوار منایا جا رہا ہے ۔

اس موقعہ پر گورنر منوج سنہا نے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ بھگوان مہاویر کی اہنسا ،سچائی اور ہمدردی کی تعلیمات انسانیت کے لیے رہنمائی کا کام کرتی ہےں۔

وزیر اعلیٰ جینتی

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے مہاویر جینتی کے موقع پر عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے امن اور خوشحالی کی دعا کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں تہواروں کو اتحاد کے ماحول میں منانے کی روایت

قائم ہے۔ انہوں نے لوگوں سے اس روایت کو مضبوط کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے مواقع فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور معاشرے میں بھائی چارے کو فروغ دینے کا موقع فراہم کرتے ہیں ۔

کابینی وزراءکے علاوہ وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے بھی مہاویر جینتی کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے ۔

وزیراعلیٰ دکھ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے جگتی نگروٹہ میں تین نوجوانوں کے غرقآب ہونے کے المناک واقع پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے سوگوار کنبوں کے ساتھ تعزیت کرتے ہوئے جان بحق نوجوانوں کے ابدی سکون کے لیے دعا کی ہے۔

ستیش

کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے جموں کشمیر میں کھیلوں کے شعبے کو بہتر بنانے اور نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے حکومت کے عہد کا اعادہ کیا ہے۔ بھگوتی نگر جموں میں 19 ویں جموں اینڈ کشمیر Wushu چیمپئین شپ 2025 کی اختتامی تقریب کی صدارت کرتے ہوئے وزیر موصوف نے جموں کشمیر کو کھیلوں کے ایک متحرک مرکز میں تبدیل کرنے کا اعادہ کیا ۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کھیلوں کے ذریعے نوجوانوں کی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے اوردیہی اور دور دراز علاقوں میں کھیلوں کے نظام کو مضبوط بنانے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

موسم

ضلع ترقیاتی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے موسمیات محکمہ کی جانب سے موسم کے تعلق سے کی گئی پیش گوئی کے مد نظر ایک ایڈوائزری جاری کی ہے جس کے تحت سیاحوں ، شکارہ والوں، ریت نکالنے والے مزدوروں کے علاوہ عام لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ احتیاط سے کام لیتے ہوئے ڈل جھیل اور دریائے جہلم میں اپنی تمام تر سرگرمیاں آج کے لئے معطل کر دیں۔

لوگ کسی بھی ایمر جنسی صورتحال کے دوران پولیس کنٹرول روم سرینگر کے نمبر 0194-2477567 علاوہ موبائیلنمبرات 9103998355 ، 9103998356 اور 9103998357 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

سکول

ڈائریکٹوریٹ آف سکول ایجوکیشن کشمیر نے کشمیر ڈویژن کے سبھی سرکاری و نجی سکولوں کے اوقات کار میں تبدیلی کا حکم نامہ جاری کیا ہے ۔ ڈائریکٹر سکول ایجوکیشن نصیر احمد وانی نے اس سلسلے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ